بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

الحمد للہ، اب "حکمت قرآن" کی ادارتی ذمہ داری جناب محمد رفیق چودھری صاحب کے سپرد کی گئی ہے۔ یہ شمارہ انہی کی ادارت میں نکل رہا ہے۔ چودھری صاحب جامعہ پنجاب سے عربی اور اسلامیات میں ایم اے ہیں۔ اب وہ اسلامیات میں پی ایچ ڈی بھی کر رہے ہیں۔ انہوں نے اسلام پر چند کتابیں بھی لکھی ہیں جن میں "حدّ رجم" اور "قرآن سے ایک انٹرویو" بہت اہم ہیں۔ اللہ تعالٰی نے موصوف کو مطالعہ و تحقیق کا خاص ذوق عطا کیا ہے۔ علوم قرآنی کے وہ خاص طور پر طالب علم ہیں اور قرآنیات کے بارے میں اچھی واقفیت رکھتے ہیں۔ "حکمتِ قرآن" کی ادارت کے علاوہ چودھری صاحب بعض اوقات قرآن اکیڈمی میں زیرِ تعلیم طلبہ کو دینی موضوعات پر خصوصی لیکچر بھی دیا کریں گے۔ انہیں اس سلسلے میں جامعہ کی سطح پر تدریس کا عملی تجربہ بھی حاصل ہے۔

ہم قرآن اکیڈمی کے کام میں چودھری صاحب کی شمولیت کو ایک مفید اضافہ سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالٰی سے دُعا ہے کہ وہ ان کو زیادہ سے زیادہ دینی خدمت کی توفیق دے!

اس شمارے میں "مضاربت" کے موضوع پر مولانا محمد طاسین صاحب کے طویل مقالے کی پہلی قسط شائع ہو رہی ہے۔ اس کی ابھی مزید دو قسطیں باقی ہیں جو آئندہ کی اشاعتوں میں ان شاء اللہ پیش کی جائیں گی۔